


سبق- 11

# بادل

(ب پ ت ٹ ث)



SCERT TELANGANA



## سنیے - بولیے

(الف) طلبا سے تصویر کے بارے میں گفتگو کی جائے :

1۔ تصویر میں آپ کیا دیکھ رہے ہیں؟

2۔ کسان کیا کر رہا ہے؟

3۔ بارش کے بعد جنگل کیسا ہوتا ہے؟

4۔ کیا آپ کو برسات کا موسم اچھا لگتا ہے؟ کیوں؟

5۔ بیل ہمارے کیا کیا کام آتے ہیں؟

6۔ بارش سے بچتے ہوئے دوڑنے کی اداکاری کیجیے؟

(ب) اب ہم نظم ''بادل'' ترنم و ادا کاری کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

کالے کالے بادل آئے — خوشیوں کے سندیسے لائے
بجلی چمکی بادل گرجے — ڈر سے بچے گھر میں دبکے
رِم جھم رِم جھم میگھا برسا — روپ چمن کا دیکھو نکھرا
مٹی سے پھر خوشبو پھوٹی — سوندھی سوندھی میٹھی میٹھی
جنگل جنگل ہرا بھرا ہے — کھیت میں پودا جھوم رہا ہے
جھرنے، چشمے، ندی، نالے — دریا ساگر اُمڈے سارے
بچے نقلی ناؤ بنائیں — بارش کا پھر لطف اُٹھائیں

(ج) بچوں سے یہ نظم ترنم و ادا کاری کے ساتھ سنیے اور مختلف سوالات کیجیے۔



پڑھیے

(الف) نظم میں درج ذیل الفاظ پر دائرہ 'O' کا نشان لگائیے۔

بجلی بادل روپ کھیت مٹی خوشبو بچے پودا میٹھی

(ب) الفاظ کو الگ الگ کرکے پڑھوائیے۔


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بادل | ب | ا | د | ل |
| روپ | ر | و | پ | |
| کھیت | ک | ھ | ی | ت |
| پودا | پ | و | د | ا |

SCERT TELANGANA

(ج) ب، پ، ت، ٹ، ث سے شروع ہونے والے تصویروں کے نام سے طلبا کو واقف کروائیں۔


ب


بطخ


باٹ


بادل

پ


پری


پودا


پر


ت


ترازو


تتلی


تاج

ٹ


ٹوپی


ٹماٹر


ٹوکری

ث


ثمر

(د) معلم طلبا کو دو حرفی اور سہ حرفی لفظوں سے واقف کروائیں۔

مثلاً: دو حرفی: ن + ل = نل

سہ حرفی: چ + م + ن = چمن



SCERT TELANGANA

(ھ) طلبا سے یہ الفاظ روانی کے ساتھ پڑھوائیں۔



| | | | |
|---|---|---|---|
| بابا | باقی | بالی | بانی |
| پاپا | پانی | پالی | پاپڑ |
| تالی | تائی | تایا | تارا |
| ٹاٹا | ٹافی | ٹاٹ | ٹوپی |
| ثالث | ثابت | ثواب | ثمر |



## لکھیے

(الف) ان لفظوں کو صاف خط میں لکھوائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بال | بازار | پتنگ | پلنگ | تربوز |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| تتلی | ٹوپی | کوٹ | ثمر | ثابت |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |
| ______ | ______ | ______ | ______ | ______ |

SCERT TELANGANA

(ب) طلبا سے کہیں کہ جوڑ ملائیں، پڑھیں، لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| بادل | آیا | ________ |
| پانی | گرجا | ________ |
| تاجر | دوڑا | ________ |
| شیر | برسا | ________ |

(ج) جدول میں دیے گئے حروف سے بامعنی الفاظ لکھوائیے۔


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بو | تا | با | پا | ٹو |
| نی | پی | ٹا | پ | جو |
| لو | ٹا | آ | با | ر |


مثال: جوتا


- ________ • ________ • ________
- ________ • ________ • ________
- ________ • ________ • ________
- ________ • ________ • ________

SCERT TELANGANA

(د) تصویر کی جگہ نام لکھوائیں اور جملہ مکمل کروائیں۔

میں نے  پہنی۔ ____________

میں نے  کھایا۔ ____________


میں نے  خریدی۔ ____________

میں نے  دیکھا۔ ____________



سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



____________

SCERT TELANGANA